ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(123)

21-02-2023

**بہاولپور() ڈی پی اوسید محمد عباس کی پولیس لائن بہاولپور میں ڈولفن اسکواڈ کے افسران کے ساتھ خطاب،ان کا حوصلہ بڑھایااور پوری ڈولفن فورس کوخراج تحسین پیش کی،ڈی پی اوسید محمد عباس نے پوری ڈولفن اسکواڈکوکیش انعام اورتعریفی سٹرفکیٹ کا اعلان کیا۔آپ سب میرے دل کے بہت قریب ہیں آپ کی فلاح و بہبود کا میں ذمہ دار ہوں،ڈی پی اوسید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی اوسید محمد عباس کا بہاولپور پولیس لائن میں ڈولفن فورس تمام افسران سے خطاب،ڈولفن پولیس اسکواڈ کا حوصلہ بڑھایا اوران کوخراج تحسین پیش کیا۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے ڈولفن اسکواڈ کے نوجوانوں کوکیش ریوارڈ اورتعریفی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان کیا اورحوصلہ افزائی کی،ڈی پی اوسید محمد عباس نے کہا آپ ہماری فیملی ہیں کسی صورت اکیلانہیں چھوڑ سکتے ہردم آپ کے ساتھ ہیں۔بہاول پور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات محنت کررہی ہے،شہریوں کوان کے سکون اورقیمتی اساسوں سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سےنہیں بچ سکتے۔شہریوں کوزیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے میں بہاولپور پولیس ہر وقت اپنا کرداراداکرنے میں مصروف ہے اوراس میں مزید تیزی لائی جارہی ہے تاکہ بہاولپورکا امن برقرار رکھا جاسکے۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے کہا آپ سب میرے دل کے بہت قریب ہیں آپ کی فلاح و بہبود کا میں خود ذمہ دار ہوں میرا موبائل نمبرآب سب کے پاس ہے کسی بھی وقت آپ مجھے کال کریں کسی کا کوئی بھی ذاتی معاملہ ہو یامحکمانہ اسے ترجیحی بنیادوں پرحل کیا جائے گا۔ڈی پی اوسید محمد عباس اورفورس کے نعرے،فلک شگاف نعروں سے سماں بندھ گیاپاکستان زندہ آباد،پنجاب پولیس زندہ آباد۔

ترجمان بہاولپور پولیس



ڈی پی اوسید محمد عباس کی پولیس لائن بہاولپور میں ڈولفن اسکواڈ کے افسران کے ساتھ خطاب،پوری ڈولفن فورس کوخراج تحسین پیش کی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(124)

21.02.2023

**ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے ہمراہ بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور کا وزٹ۔آر پی او اور ڈی پی او نے دولفن فورس کے دونوں افسران محمد اسد اور محمد یوسف کی عیادت کی اور پھول پیش کیے۔جوانوں کی حوصلہ آفزائی کی۔کیش ریوارڈ اور سرٹیفکیٹس کا اعلان کیا اور کہا آپ نے بہت ہمت اور حوصلہ دکھایا اور آپ کی جرات کو سلام ہے۔آر پی او بہاولپور**

تفصیلات کے مطابق آر پی او بہاولپور رائے بابر سعید اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے ہسپتال کا وزٹ کیا۔زخمی ڈولفن پولیس کے افسران محمد اسد اور محمد یوسف کی عیادت کی۔آر پی او اور ڈی پی او نے ان کا حوصلہ بڑھایا۔اور پھول پیش کیے۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے زخمی افسران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے 50/50 ہزار کیش ریوارڈ اور سرٹیفکیٹس کا اعلان کیا۔گزشتہ روز ملزمان کی فائرنگ سے ڈولفن پولیس کے افسران زخمی ہوئے تھے۔آپ نے بہت ہمت اور حوصلہ دکھایا اور آپ کی جرات کو سلام ہے۔آر پی او نے کہا آپ ہماری فیملی ہیں۔کسی صورت اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔آر پی او اور ڈی پی او نے زخمی افسران کے اہلخانہ سے بھی ملاقات کی،ان کے والدین کا حوصلہ بڑھایا۔آر پی او نے کہا کہ جرائم پیشہ افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے پنجاب پولیس جرائم پیشہ افراد کو ان کے انجام تک پہنچا کر ہی دم لے گی۔آر پی او نے مزید کہا کہ ڈولفن فورس کے جوانوں نے بہت ہمت اور بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے بہاولپور کے شہریوں کو بڑی تباہی سے بچایا۔میرا موبائل نمبر آپکے پاس ہے۔کسی بھی وقت کوئی مسئلہ ہو تو بلا جھجک مجھ سے رابطہ کریں۔آپکو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ اور میرے آفس کی طرف سے یہاں پر افراد مامور ہیں جو کہ چوبیس گھنٹے آپکی مدد کیلئے ادھر موجود ہوں گے۔

ترجمان پولیس بہاولپور



ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے ہمراہ BVH کا وزٹ ،ڈولفن کے دونوں نوجوانوں کی عیادت کی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(125)

21.02.2023

# ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی بہاول وکٹوریہ ہسپتال کا وزٹ کیا، زخمی ہونے والے طالب علم الیان عباس سے ملاقات، عیادت کی اور تحائف پیش کیے۔خود کو اکیلا نہ سمجھیں ہم آپکے ساتھ ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس نے گزشتہ روز ملزمان کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے طالب علم کی عیادت کی۔ ڈی پی او نے نوجوان کے اہلخانہ سے بھی ملاقات کی۔ان کا حوصلہ بڑھایا۔ڈی پی او نے زخمی طالب علم کی کیش کی صورت میں حوصلہ افزائی بھی کی۔اپ کے علاج معالجے کے تمام اخراجات ہمارے ذمہ ہیں۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے ایک آفیسر یہاں پر مامور ہے۔ جوراؤنڈ دی کلاک اپکی مدد کیلئے موجود ہے۔ڈی پی او آپ نے خود کو اکیلا نہیں سمجھنا۔ بہاولپور پولیس ہمہ وقت آپکے ساتھ ہے۔آپ کو کوئی بھی پریشانی ہو یا مسئلہ ہو آپ بلا جھجک مجھ سے رابطہ کریں یا میرے آفیسر کو بتائیں آپ کو ہر صورت سہولت دینا اور آپکا خیال رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔ڈی پی او نے نوجوان کی ہمت کو سراہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ اس ملک کا مستقبل ہیں آپکے حوصلے کی میں داد دیتا ہوں۔

ترجمان پولیس بہاولپور



ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی بہاول وکٹوریہ ہسپتال کا وزٹ، زخمی ہونے والے طالب علم الیان عباس سے ملاقات